روزنامہ
الفضل
MB/FD-10/FR ٹیلی فون نمبر 047-6213029
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org
منگل یکم اپریل 2008ء 23 ربیع الاول 1429 ہجری یکم شہادت 1387 ہش جلد 58-93 نمبر 74

اسے چھوڑ دو

حضرت ابوہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ ایک اعرابی نے مسجد میں پیشاب کر دیا۔لوگ اسے مارنے کیلئے دوڑے مگر آنحضرت ﷺ نے فرمایا:۔

اسے چھوڑ دو اور پانی کا ڈول پیشاب پر بہا دو۔کیونکہ تمہیں آسانی پیدا کرنے والا بنا کر بھیجا گیا ہے تنگی اور سختی سے پیش آنے والا بنا کر نہیں بھیجا گیا۔

(صحیح بخاری کتاب الوضوء باب صب الماء علی البول)

خدا تعالیٰ کی صفت رفیق کے لغات کے حوالے سے مختلف معانی اور اس کی پُر معارف تشریح

آنحضرت ﷺ محبت وشفقت' نرمی اور رفق کا مجسّمہ تھے

حصول استقامت کا ذریعہ درود شریف بکثرت پڑھو،اس کے نتیجہ میں قبولیت دعا کا شیریں پھل تم کو ملے گا

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے خطبہ جمعہ فرمودہ 28 مارچ 2008ء بمقام بیت الفتوح مورڈن لندن کا خلاصہ

خطبہ جمعہ کا یہ خلاصہ ادارہ الفضل اپنی ذمہ داری پر شائع کر رہا ہے

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مورخہ 28 مارچ 2008ء کو بیت الفتوح مورڈن لندن میں خطبہ جمعہ ارشاد فرمایا۔

حضورانور کا یہ خطبہ جمعہ مختلف زبانوں میں تراجم کے ساتھ ایم ٹی اے انٹرنیشنل پر براہ راست ٹیلی کاسٹ کیا گیا۔

حضورانور نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کی ایک صفت رفیق ہے۔حلیم اور رفیق کے ایک معانی مشترک بھی ہیں۔یعنی نرمی کرنے والا' مہربانی کرنے والا۔رفیق کے ایک معانی ساتھی کے بھی ہیں۔اہل لغت نے اس کے اور بھی کئی معانی کئے ہیں۔ایک معانی اس کے ہیں کہ نقصان نہ پہنچانے والا بلکہ نفع اور فائدہ پہنچانے والا' ہمدردی اور رحم کرنے والا۔اللہ تعالیٰ کی اس صفت کا ادراک بھی ہمیں حضرت مسیح موعود نے دیا۔آپ کے زمانے میں جب طاعون کا وبائی مرض پھیلا ہوا تھا تو اس کا علاج خدا تعالیٰ نے آپ کو یہ بتلایا کہ اس کے ناموں کا ورد کیا جائے یا حفیظ' یا عزیز' یا رفیق۔پس اللہ تعالیٰ کی یہ رفیق ذات ہے جو اپنے بندوں پر رحم کرتے ہوئے ان کو ہر نقصان سے بچاتے ہوئے ان کے فائدے کے راستے دکھاتی ہے۔

حضورانور نے فرمایا کہ ایک تو عام لوگ ہیں جیسے بھی ہوں اللہ تعالیٰ کی صفت رفیق کے تحت اس کی نرمی اور مہربانیوں سے فائدہ اٹھاتے ہیں لیکن ایک گروہ اللہ کے وہ خاص بندے ہیں جو خالص ہو کر اس کی عبادت کرنے والے ہیں اور اس کو رفیق اعلیٰ سمجھنے والے ہیں جس کا سب سے اعلیٰ نمونہ دنیا میں ہم نے آنحضرت ﷺ کی ذات میں دیکھا جنہوں نے اس رفیق اعلیٰ کی صفت کے جتنے بھی معانی بنتے ہیں ان کا فیض پایا۔لیکن پھر بھی اس رفیق اعلیٰ کے پاس جانے کی ایک تڑپ تھی تبھی تو وصال کے وقت یہ الفاظ بار بار آپؐ کے مبارک منہ سے نکلتے تھے کہ فی الرفیق الاعلیٰ اور یہ اسوہ ہے جو آپؐ نے قائم فرمایا تا کہ ہم بھی دنیا پر نظر رکھنے کی بجائے رفیق اعلیٰ پر نظر رکھنے والے ہوں۔

حضورانور نے فرمایا کہ آج جبکہ دین حق کی مخالف طاقتیں پھر سے سرگرم ہونے کی کوشش کر رہی ہیں،ایک ہی رفیق ہے جس کے ساتھ رہ کر ہم اپنی بچت کے سامان کر سکتے ہیں اور ان کا مقابلہ کر سکتے ہیں۔حضورانور نے آنحضرتؐ کے متعلق معترضین کے غلط اعتراضات کا جواب دیتے ہوئے آپؐ کا پاکیزہ نمونہ' محبت و شفقت اور نرمی اور رفق کا مجسم وجود ہونا ثابت کیا۔اسی طرح بعض قرآنی آیات پیش کر کے دین حق پر ہونے والے اعتراضات کا ردّ کیا اور دین حق کی خوبصورت تعلیم پیش کر کے ثابت کیا کہ دین حق ایک آسان مذہب ہے اور انسانی فطرت کے عین مطابق ہے۔

حضورانور نے فرمایا کہ اس زمانے میں خاص طور پر اللہ تعالیٰ کے احکامات کی طرف ہمیں حضرت مسیح موعود نے توجہ دلائی ہے اور اس میں درود شریف کا بھی ذکر کیا ہے۔حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ درود شریف جو حصول استقامت کا ایک زبردست ذریعہ ہے' بکثرت پڑھو۔اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ قبولیت دعا کا شیریں اور لذیذ پھل تم کو ملے گا۔پس جب تک درود شریف پر توجہ رہے گی تو اس برکت سے جماعت کی ترقی اور خلافت سے تعلق اور اس کی حفاظت کا انتظام رہے گا۔ہم احمدی یہ عہد کریں کہ آنحضرتؐ پر کروڑوں اور اربوں کی تعداد میں درود بھیجیں تا کہ اللہ تعالیٰ ہماری دعاؤں کو سنے اور اس درود کو قبول فرمائے۔اپنے آپ کو ہم اس رفیق اعلیٰ میں جذب کرنے والے بن جائیں جو اپنے ساتھیوں کو نہ صرف نقصان سے بچاتا ہے بلکہ ترقیات سے نوازتا ہے۔

حضورانور نے فرمایا کہ ہالینڈ کی جماعت کو اس شخص کو جو اس کارروائی کا سرکردہ ہے یہ بات واضح کر دینی چاہئے کہ اپنی مذموم حرکتوں سے اگر تم باز نہ آئے تو خدا کی پکڑ کے نیچے آسکتے ہو۔پس خدا کا خوف کرتے ہوئے اپنی حالت بدلو۔

حضورانور نے بعض احادیث پیش کیں جن میں آپؐ کی ہمدردی' نرمی اور رفق کے لئے تڑپ کا اظہار ہوتا ہے اور فرمایا کہ یہ اعلیٰ اخلاق نرمی' ہمدردی اور رفق کی نصائح ہیں جو آپؐ نے اپنے ماننے والوں کو کیں اور جس کے اعلیٰ ترین نمونے آپؐ نے خود قائم فرمائے۔اللہ تعالیٰ دنیا کو بھی انصاف کی آنکھ سے اس حسین چہرے کو اور اس حسین تعلیم کو دیکھنے کی توفیق دے۔

حضورانور نے خطبہ ثانیہ کے دوران مکرم ڈاکٹر محمد سرور خان صاحب آف پشاور کی شہادت کا ذکر خیر فرمایا اور خطبہ جمعہ کے بعد ان کی نماز جنازہ غائب پڑھانے کا اعلان فرمایا۔

مستحق طلبہ کی امداد

جماعت میں بہت سے ایسے افراد جو غربت کی وجہ سے اپنے بچوں کی پڑھائی کے اخراجات نہ اٹھا سکتے ہیں ایسے مستحق اور غریب طلباء کیلئے صدر انجمن احمدیہ میں ایک شعبہ ''امداد طلبہ'' کے نام سے قائم ہے۔

یہ شعبہ مخیّر احباب کی طرف سے ملنے والے عطیات اور مالی معاونت سے ہی چل رہا ہے۔اس شعبہ کے تحت سینکڑوں طلباء وطالبات اپنی تعلیم جاری رکھے ہوئے ہیں ۔ یہ رقوم درج ذیل صورتوں میں خرچ کی جاتی ہیں۔

1۔ سالانہ داخلہ جات 2۔ ماہوار ٹیوشن فیس
3۔ درسی کتب کی فراہمی 4۔فوٹو کاپی مقالہ جات کیلئے رقوم
5۔دیگر تعلیمی ضروریات

پاکستان میں فی طالب علم اوسطاً سالانہ اخراجات اس طرح سے ہیں۔

1۔ پرائمری ر سیکنڈری 6 تا 8 ہزار روپے سالانہ۔
2۔کالج لیول 12 تا 15 ہزار روپے سالانہ۔
3۔ بی ایس سی، ایم ایس سی ودیگر پروفیشنل ادارہ جات ایک لاکھ روپے تک۔

سینکڑوں طلباء جن کو اس شعبہ کے تحت امداد فراہم کی جاتی ہے لیکن اس وقت اس شعبہ پر بے انتہا مالی بوجھ ہے ۔جس کیلئے عطیات کی فوری ضرورت ہے۔

آپ سے درخواست ہے کہ اس کار خیر میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں اور اپنے حلقہ احباب میں بھی موثر رنگ میں تحریک فرماویں کہ اس شعبہ کے لئے دل کھول کر حصہ ڈالیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کے خلوص میں بے انتہا برکت ڈالے۔آمین

یہ عطیہ جات براہ راست نگران امداد طلباء نظارت تعلیم یا خزانہ صدر انجمن احمدیہ کی مد ,,امداد طلباء،، میں بھجوائے جاسکتے ہیں۔

(نگران امداد طلباء نظارت تعلیم)

آل پاکستان خلافت جوبلی فٹ بال ٹورنامنٹ

زیر اہتمام مجلس خدام الاحمدیہ ضلع لاہور

محض اللہ تعالیٰ کے فضل کے ساتھ مجلس خدام الاحمدیہ ضلع لاہور کو مورخہ 21 تا 23 مارچ 2008ء کو حلقہ ماڈل ٹاؤن لاہور میں خلافت جوبلی فٹبال ٹورنامنٹ منعقد کرنے کی توفیق ملی۔

افتتاح

فٹبال ٹورنامنٹ کا باقاعدہ افتتاح مورخہ 21 مارچ 2008ء کو بعد از نماز مغرب وعشاء 8 بجے رات بیت النور ماڈل ٹاؤن کے بالمقابل ماڈل ٹاؤن فٹ بال کلب گراؤنڈ میں ہوا۔ افتتاحی تقریب کے مہمان خصوصی مکرم ومحترم شیخ ریاض محمود صاحب سیکرٹری ضیافت جماعت احمدیہ لاہور تھے۔ پاکستان بھر سے آئی ہوئی تمام ٹیموں نے مہمان خصوصی کے سامنے مارچ پاسٹ کیا اور بعدازاں تمام کھلاڑیوں کو ترتیب کے ساتھ لائنوں میں کھڑا کر دیا گیا۔

افتتاحی تقریب کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا۔ نظم کے بعد محترم محمد محمود خان صاحب ناظم صحت جسمانی ضلع لاہور نے ٹورنامنٹ سے متعلق ضروری ہدایات تمام کھلاڑیوں کے سامنے پڑھ کر سنائیں۔ بعدہ محترم مہمان خصوصی نے افتتاحی خطاب فرمایا جس میں انہوں نے کھیل سے متعلق کھلاڑیوں کو اہم اور مفید باتیں بتائیں۔ افتتاحی دعا کے بعد محترم مہمان خصوصی نے فٹ بال کو کک لگا کر باقاعدہ طور پر ٹورنامنٹ کا آغاز کیا۔ افتتاحی میچ فلڈ لائٹ میں کھیلا گیا۔

مقابلہ جات

فٹ بال ٹورنامنٹ میں پاکستان بھر سے 11 علاقہ جات لاہور، لاہور وائٹ، ربوہ، سرگودھا، سیالکوٹ، گوجرانوالہ، فیصل آباد، ملتان، راولپنڈی، بہاولپور، حیدرآباد اور کراچی کی ٹیموں کے 204 کھلاڑیوں نے میں شرکت کی۔ یہ ٹورنامنٹ لیگ سسٹم کی بنیاد پر کھیلا گیا۔ مجموعی طور پر 4 پولز بنائے گئے، ہر پول میں 3 ٹیمیں تھیں۔ ہر ٹیم نے سیمی فائنل کے لئے کوالیفائی کرنے کے لئے 2,2 پول میچ کھیلے اس طرح پول میچز کی تعداد 12 تھی۔ 12 ٹیموں میں سے 4 ٹیمیں سیمی فائنل کے لئے کوالیفائی کر گئیں۔ مورخہ 23 مارچ 2008ء کو دن کے وقت دونوں سیمی فائنل کھیلے گئے۔ پہلا سیمی فائنل لاہور بمقابلہ سرگودھا ہوا جو کہ سرگودھا نے 0-1 سے جیت کر فائنل کے لئے کوالیفائی کیا۔ دوسرا سیمی فائنل ربوہ اور کراچی کے مابین ہوا جو کہ ربوہ نے 0-5 سے جیت لیا اور فائنل کے لئے کوالیفائی کیا۔ اسی طرح تیسری پوزیشن کا میچ لاہور اور کراچی کے درمیان ہوا جو کہ لاہور نے 0-2 سے جیت لیا اور اس طرح لاہور نے اس ٹورنامنٹ میں تیسری پوزیشن حاصل کی۔

مزید برآں یہ کہ ٹورنامنٹ کے تمام میچز دو گراؤنڈز ماڈل ٹاؤن فٹ بال کلب گراؤنڈ اور دوسری ماڈل ٹاؤن ہاکی گراؤنڈ میں کھیلے گئے۔ جن میں سے بعض دن کی روشنی میں اور بعض فلڈ لائٹ میں ہوئے۔

اختتامی تقریب

مورخہ 23 مارچ 2008ء کو بوقت ساڑھے سات بجے رات فٹ بال ٹورنامنٹ کی اختتامی تقریب کا انعقاد ماڈل ٹاؤن فٹ بال گراؤنڈ میں ہوا۔ اختتامی تقریب کی صدارت محترم صدر صاحب مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان نے کی اور اس تقریب کے مہمان خصوصی محترم چوہدری حمید نصر اللہ خان صاحب امیر جماعتہائے احمدیہ ضلع لاہور تھے۔ اختتامی تقریب کا آغاز اس ٹورنامنٹ کے فائنل میچ سے ہوا جو کہ ربوہ اور سرگودھا کے مابین کھیلا گیا۔ میچ شروع ہونے سے قبل دونوں ٹیموں کے کھلاڑیوں کو ایک قطار میں کھڑا کیا گیا اور پھر محترم صدر صاحب مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان نے فرداً فرداً دونوں ٹیموں کے کھلاڑیوں سے مصافحہ کیا۔ بعدازاں دونوں ٹیموں کے درمیان فائنل میچ شروع ہوا۔ دونوں ٹیموں نے بڑی محنت اور جوش سے میچ کھیلا۔ بالآخر ایک دلچسپ مقابلے کے بعد ربوہ کی ٹیم نے 0-2 سے فٹ بال کا فائنل میچ جیت لیا اور اس ٹورنامنٹ کی چیمپئن قرار پائی۔

سینکڑوں شائقین اس دلچسپ فائنل میچ سے محظوظ ہوئے۔ علاقہ سرگودھا کے ایک کھلاڑی مکرم عادل صاحب کو مین آف دی ٹورنامنٹ قرار دیا گیا۔

تقریب تقسیم انعامات

تقریب تقسیم انعامات کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا جس کے بعد محترم محمد محمود خان صاحب ناظم صحت جسمانی ضلع لاہور نے ٹورنامنٹ کی رپورٹ پیش کی۔ بعدہ محترم صدر صاحب مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان نے اعزاز پانے والے کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کئے اور پھر اختتامی خطاب فرمایا اور دعا کے ساتھ یہ ٹورنامنٹ اختتام پذیر ہوا۔ اختتامی دعا کے بعد تمام مہمانان اور کھلاڑیوں کی خدمت میں ڈنر پیش کیا گیا۔

جماعت احمدیہ ضلع لاہور کی مقامی ایم ٹی اے کی ٹیم نے پوری مستعدی کے ساتھ ٹورنامنٹ کے تمام پروگراموں کی ریکارڈنگ کی۔ اس کے علاوہ شعبہ ڈیکوریشن گراؤنڈ نے ماڈل ٹاؤن فٹ بال گراؤنڈ کے اردگرد قناتوں کے ساتھ باؤنڈری وال بنائی ہوئی تھی جس پر خوبصورت جماعتی بینرز لگائے گئے تھے۔ باؤنڈری وال کے اندرونی حصے میں فرسٹ ایڈ اور ریفریشمنٹ کے پوائنٹ قائم کئے گئے تھے۔ ہر دو شعبہ جات نے پورے ٹورنامنٹ کے دوران اپنے اپنے شعبے کے حوالے سے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔

اللہ تعالیٰ محترم قائد صاحب ضلع لاہور سمیت تمام خدام کو جنہوں نے شب و روز سخت محنت کر کے اس ٹورنامنٹ کو کامیاب بنایا، اپنی بیشمار رحمتوں اور برکتوں کا وارث بنائے۔ آمین

(رپورٹ: منیر احمد رشید)

اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

تقریب آمین

۞ مکرم نصیر احمد ناصر صاحب گلشن کالونی واہ کینٹ تحریر کرتے ہیں۔

میرے بیٹے منیب احمد بعمر ساڑھے آٹھ سال کی تقریب آمین بیت المہدی لالہ رخ واہ کینٹ میں 20 مارچ 2008ء کو بعد نماز مغرب منعقد کی گئی۔ مکرم انور طاہر صاحب مربی سلسلہ نے بچے سے قرآن پاک کا ایک حصہ سنا۔ اس کے ساتھ ہی میرے دوسرے بیٹے رغیب احمد کی تقریب بسم اللہ بھی ادا کی گئی۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ مولیٰ کریم ان دونوں واقف نو بچوں کو قرآنی زیور سے آراستہ اور اس کے نور سے منور کرے۔ آمین

ولادت

۞ مکرم عدیل احمد گوندل صاحب مربی سلسلہ بیت العطاء راولپنڈی تحریر کرتے ہیں۔

خاکسار کے بڑے بھائی مکرم نوید عامر صاحب مقیم کینیڈا کو اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے مورخہ 28 فروری 2008ء کو پہلی بیٹی سے نوازا ہے۔ نومولودہ کا نام یسریٰ نسیم تجویز ہوا ہے۔ بچی مکرم چوہدری نذیر احمد گوندل صاحب امیر حلقہ درگانوالی ضلع سیالکوٹ کی پوتی اور مکرم اسماعیل ڈھلوں صاحب دارالصدر غربی ربوہ کی نواسی ہے احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ بچی کو خادمہ دین اور والدین کیلئے قرۃ العین بنائے۔

۞ مکرم چوہدری نسیم احمد صاحب MCB ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

میرے بھتیجے مکرم عمر عرفان احمد صاحب مقیم دبئی کو اللہ تعالیٰ نے محض اپنے فضل سے مورخہ 13 فروری 2008ء کو پہلے بیٹے سے نوازا ہے۔ نومولود کا نام شاہ میر عمر احمد تجویز ہوا ہے۔ نومولود مکرم ونگ کمانڈر (ر) طارق احمد پرویز صاحب راولپنڈی کا پوتا اور مکرم میجر (ر) منور احمد صوفی صاحب راولپنڈی کا نواسہ ہے۔ احباب جماعت سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ نومولود کو نیک خادم دین اور والدین کیلئے قرۃ العین بنائے۔ آمین

جلسہ یوم مسیح موعود

۞ نصرت جہاں اکیڈمی ربوہ نے مورخہ 26 مارچ 2008ء کو جلسہ یوم مسیح موعود منعقد کرنے کی توفیق پائی تلاوت ونظم کے بعد ایک طالب علم غالب احمد طاہر نے "حضرت مسیح موعود کی بعثت کا مقصد" کے موضوع پر تقریر کی پھر ہشام احمد فرحان نے "وقت تھا وقت مسیحا نہ کسی اور کا وقت" کے موضوع پر تقریر کی جس کے بعد اس مجلس کے مہمان خصوصی محترم مولانا عبدالسمیع خان صاحب ایڈیٹر روزنامہ الفضل نے خطاب کیا بعدہ محترم پرنسپل صاحب نے مہمانوں کا شکریہ ادا کیا اور دعا کے ساتھ یہ پروگرام اختتام پذیر ہوا۔

اعزاز

(نصرت جہاں اکیڈمی ربوہ)

۞ بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن فیصل آباد ڈسٹرکٹ ہیڈ ماسٹر ایسوسی ایشن جھنگ کے تعاون سے انٹرسکولز سپورٹس مقابلہ جات برائے سال 08-2007 کے جلسہ تقسیم انعامات کی تقریب گورنمنٹ اسلامیہ ہائی سکول جھنگ صدر میں منعقد ہوئی۔ اس تقریب کے مہمان خصوصی مکرم مشتاق حسین صاحب E.D.O ضلع جھنگ تھے۔ ان کے ساتھ ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر، علمی ادبی مقابلہ جات اور سپورٹس مقابلہ جات میں پوزیشن حاصل کرنے والے والدین، طلباء، ہیڈ ماسٹرز صاحبان، اساتذہ کرام، مختلف کالجوں کے پرنسپل صاحبان اور معززین شہر نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ نصرت جہاں اکیڈمی ربوہ کی سپورٹس مقابلہ جات میں پوزیشن حاصل کرنے والے بچوں کے انعامات مکرم ہود احمد ایوب صاحب DPE نے وصول کئے اور اس دفعہ انٹرسکولز سپورٹس مقابلہ جات میں مجموعی طور پر رنگ اپ ٹرافی بھی وصول کی۔ جبکہ علمی وادبی مقابلہ جات کے انعامات مکرم راجہ فاضل احمد صاحب نے وصول کئے۔ احباب کرام سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ محض اپنے فضل سے ادارے کو ترقیات عطا فرمائے اور ادارے کے طلبا کو ہر میدان میں محض اپنے فضل سے اعلیٰ کامیابیاں اور اعزازات عطا فرمائے۔ آمین

(پرنسپل نصرت جہاں اکیڈمی ربوہ)

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دار النصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/4 روپے

خطبہ جمعہ

ایک عظیم رسول کی بعثت کے لئے حضرت ابراھیم علیہ السلام کی دعا اور اس کی قبولیت کے اعلان کے الفاظ میں فرق کی حکمت کا پُر معارف بیان

اللہ تعالیٰ وہ ذات ہے جس کی ہر چیز جو بھی زمین و آسمان میں ہے تسبیح کرتی ہے

خدا تعالیٰ کا کلام ہمیں یہی سکھلاتا ہے کہ تم ایمان لاؤ تب نجات پاؤ گے

ایک انسان کی زندگی کا اصل مقصود نماز، روزہ، حج اور زکوٰۃ وغیرہ اور احکامات کی حکمتیں نہیں ہیں بلکہ اصل مقصود تزکیہ نفس ہے اور ہونا چاہئے

خطبہ جمعہ حضرت مرزا مسرور احمد خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز فرمودہ مورخہ یکم فروری 2008ء بمطابق یکم تبلیغ 1387 ہجری شمسی بمقام بیت الفتوح، لندن (برطانیہ)

خطبہ جمعہ کا یہ متن ادارہ الفضل اپنی ذمہ داری پر شائع کر رہا ہے

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے خطبہ کے آغاز میں سورۃ البقرہ کی آیت نمبر 152 تلاوت کی اور فرمایا

یہ آیات جو میں نے تلاوت کی ہیں ان میں پہلی حضرت ابراہیم علیہ السلام کی دعا ہے جس کا مضمون گزشتہ چند خطبوں سے چل رہا ہے اور دوسری آیت میں اللہ تعالیٰ کا اعلان ہے کہ ہم نے تم میں وہ رسول بھیج دیا جو اس دعا کی قبولیت کا نشان ہے کہ وہ رسول حضرت اسماعیل علیہ السلام کی نسل میں سے مبعوث ہوا جس نے دنیا میں ایک عظیم انقلاب پیدا کرنا تھا اور کیا۔ اس دعا میں مانگی گئی چاروں باتوں کا میں گزشتہ خطبوں میں کچھ حد تک بیان کر چکا ہوں۔ یہ مضمون شروع کرتے وقت میں نے چند جمعے پہلے یہ دونوں آیات پڑھی تھیں اور مختصراً ذکر کیا تھا کہ اس دعا کے مانگنے کے الفاظ میں اور خدا تعالیٰ کے قبولیت کے اعلان کے الفاظ میں ترتیب کا کچھ فرق ہے۔ اس میں ایک حکمت ہے اور حکیم خدا کا کوئی کام بھی بغیر حکمت کے نہیں ہوتا، یونہی نہیں کہ الفاظ آگے پیچھے ہو گئے اور بلاوجہ ہو گئے۔ ان الفاظ کا یعنی اس عظیم رسول کی ان چار خصوصیات کا جو اس اعلیٰ معیار کی تھیں کہ جن کا کوئی مقابلہ نہیں۔ اور جو صرف اور صرف آنحضرت ﷺ کی ذات کا ہی خاصہ تھیں۔ (جیسا کہ میں نے اس مضمون کی ابتدا میں کہا تھا کہ اس فرق کو بھی میں بعد میں کچھ بیان کروں گا کہ کیوں یہ فرق ہے؟ تو اس وقت میں وہی کچھ بیان کرنے لگا ہوں۔) قرآن کریم میں دو اور جگہ (دوسری جگہ پر) بھی یہ بیان ہوا ہے، ایک سورۃ آل عمران میں۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے (۔) (سورۃ ال عمران آیت نمبر 165) یعنی اللہ نے مومنوں پر احسان کیا جب اس نے ان کے اندر انہیں میں سے ایک رسول مبعوث کیا۔ وہ ان پر اس کی آیات کی تلاوت کرتا ہے۔ اور انہیں پاک کرتا ہے۔ اور انہیں کتاب اور حکمت سکھاتا ہے جبکہ اس سے پہلے وہ یقیناً کھلی کھلی گمراہی میں مبتلا تھے۔

دوسری جگہ سورۃ جمعہ میں ذکر ہے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے (۔) (الجمعۃ:3) وہی ہے جس نے اُمی لوگوں میں انہیں میں سے ایک عظیم رسول مبعوث کیا وہ ان پر اس کی آیات کی تلاوت کرتا ہے اور انہیں پاک کرتا ہے اور انہیں کتاب کی اور حکمت کی تعلیم دیتا ہے جبکہ اس سے پہلے وہ یقیناً کھلی کھلی گمراہی میں تھے۔

تو یہ دونوں جگہ بلکہ تینوں جگہ جیسا کہ میں نے کہا جہاں قبولیت کا اعلان ہو رہا ہے ترتیب ان آیات میں ایک طرح ہے اور دعا کی ترتیب سے فرق ہے۔

حضرت ابراہیم علیہ السلام نے دعا میں تزکیہ کو آخر میں رکھا تھا اور جب اللہ تعالیٰ نے یہ فرمایا کہ وہ دعا قبول ہوگئی اور وہ رسول جس کے لئے ابراہیم علیہ السلام نے دعا مانگی تھی یہ یہ کام کرتا ہے تو اس میں تزکیہ کو آیات کی تلاوت کے بعد رکھا ہے۔ اس فرق پر چند مفسرین نے روشنی ڈالی ہے لیکن حضرت مصلح موعود نے زیادہ تفصیل سے بیان کیا ہے۔

جیسا کہ میں نے کہا جو مفسرین پہلے گزرے ہیں، انہوں نے زیادہ تفصیل بیان نہیں کی۔ مثلاً علامہ آلوسی نے لکھا ہے کہ تزکیہ کو تلاوت آیات اور تعلیم کتاب وحکمت کے درمیان اس لئے رکھا ہے تا کہ بتایا جائے کہ ان چاروں امور کو ایک بات نہ سمجھ لیا جائے بلکہ چار الگ الگ امور ہیں اور ان میں سے ہر ایک اپنی جگہ بڑی نعمت ہے۔ دوسری بات کہتے ہیں کہ تلاوتِ آیات کو پہلے اس لئے رکھا گیا ہے کہ تزکیہ کے لئے پہلے مخاطبین کو تیار کرنا ضروری تھا۔ اس کے بعد تزکیہ کو رکھا کیونکہ یہ پہلی صفت ہے جسے مومنوں کو سب سے پہلے اپنانا چاہئے کیونکہ اچھی صفات کو اپنانے سے پہلے بری عادات کو چھوڑنا ضروری ہوتا ہے۔ اس کے بعد تعلیم کو رکھا گیا کیونکہ ایمان کے بعد ہی تعلیم حاصل کی جاتی ہے۔ تاہم سورۃ بقرہ کی آیت میں تعلیم کو تزکیہ سے پہلے شاید اس لئے رکھا گیا ہے تا کہ یہ بتایا جائے کہ خوبیوں کو اپنانا زیادہ اہم ہے۔ تو اس طرح دو ایک اور مفسرین نے بھی اس ترتیب کے جو الفاظ ہیں ان پر مختصر بحث کی ہے۔ اس لئے اس فرق کو واضح کرنے کے لئے حضرت مصلح موعود نے زیادہ وسیع تفسیر کی ہے۔ اس سے میں نے استفادہ کیا ہے جو بیان کروں گا۔

دعائے ابراہیمی کی بنیاد اس بات پر ہے کہ نبی مبعوث ہونے کے بعد اپنے پر نازل ہونے والی وحی پیش کرتا ہے پھر اپنی تائید میں ہونے والے نشانات اور معجزات کو پیش کرتا ہے۔ پھر جس جس طرح احکامات نازل ہوتے جاتے ہیں وہ احکامات کی حکمتیں بیان کرتا ہے اور آخر کار اس وحی کو سننے، ان معجزات کو دیکھنے جو نبی نے دکھائے ہوتے ہیں اور ان احکامات کو سمجھنے کے بعد پھر جو جماعت تیار ہوتی ہے اللہ تعالیٰ اسے تقدس عطا فرماتا ہے۔ یہ پاک لوگوں کی جماعت ہے جو پھر اس پیغام کو آگے پہنچاتی ہے اور غلبہ حاصل کرتی ہے۔ تو حضرت ابراہیم علیہ السلام کی دعا میں تزکیہ کو سب سے آخر میں رکھنے کی یہ وجہ ہے۔ یہ ایک ظاہری تقسیم ہے۔ اس میں کمزور ایمان والوں کا بھی خیال رکھا گیا ہے۔

لیکن اللہ تعالیٰ نے جو ترتیب بیان فرمائی ہے اس میں ایمان میں ترقی اور روحانیت کو پہلے رکھا ہے اور علوم ظاہری والی باتیں بعد میں لی ہیں۔ پس ایمان میں ترقی اور روحانیت میں ترقی اور معرفت کے پیدا ہونے کے لئے ضروری ہے کہ وحی پر ایمان ہو۔ جب یہ ایمان بالغیب ہوگا تو پھر

ایسی نظر بھی عطا ہوگی جو ان نشانات اور معجزات کو دیکھنے والی ہوگی۔ اور جب یہ نشانات اور معجزات نظر آئیں گے اور تزکیہ نفس میں ترقی ہوگی تو پھر اس ترقی کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی صفات اپنانے کی کوشش ہوگی اور اللہ تعالیٰ کی صفات اپنانے سے ایمان میں پھر مزید ترقی پیدا ہوگی۔ تمام نفسانی کدورتیں صاف ہوجائیں گی۔ تمام آلائشوں سے دل پاک ہوجائے گا۔ پس کتاب اور حکمت پر تزکیہ کے تقدم کی یہ وجہ ہے، کیونکہ کتاب پڑھنا، اسے سمجھنے کی کوشش کرنا، اس میں سے حکمتیں تلاش کرنا یہ ظاہری علم کی چیزیں ہیں اور یہ باتیں یعنی کتاب اور حکمت کو آخر پر رکھ کر یہ اشارہ فرمایا کہ ایک انسان کی زندگی کا اصل مقصود نماز، روزہ، حج اور زکوٰۃ وغیرہ اور احکامات کی حکمتیں نہیں ہیں بلکہ اصل مقصود تزکیہ نفس ہے اور ہونا چاہئے۔ اگر ظاہری نمازیں کوئی لمبی لمبی پڑھتا ہے اور نفس کی اصلاح نہیں۔ یا اگر زکوٰۃ دیتا ہے اور ناجائز کمائی کر رہا ہے۔ یا اگر حج کیا ہے اور دل میں یہ ہے کہ دوسروں کو پتہ لگے کہ میں حاجی ہوں یا اس لئے کہ کاروبار زیادہ چمکے۔ کئی کاروباری لوگ اس لئے بھی حج پر جاتے ہیں۔ حضرت مصلح موعود نے بیان کیا ہوا ہے کہ جب میں حج پر گیا تو ایک لڑکا میرے ساتھ حج کر رہا تھا۔ نہ نمازیں تھیں اور نہ دعائیں پڑھ رہا تھا بلکہ کوئی گانے گنگنا رہا تھا تو میں نے پوچھا تم اس لئے حج پر آئے ہو؟ اس نے کہا بات یہ ہے کہ ہماری دکان ہے اور وہی کاروبار مقابلے پر ایک اور آدمی بھی کر رہا ہے اور وہ حج کر کے آیا ہے جس کی وجہ سے اس کا کاروبار زیادہ چمکا ہے تو میرے باپ نے کہا ہے کہ تم بھی جا کر حج کر آؤ۔ مجھے تو پتہ نہیں حج کیا ہوتا ہے اس لئے میں آیا ہوں کہ ہمارا کاروبار چمکے۔ تو یہ حال ہوتا ہے حاجیوں کا۔ اگر اس طرح کے حج ہیں تو پھر اس کتاب کی تعلیم پر عمل بے فائدہ ہے۔ حضرت مسیح موعود نے ایک حاجی کا قصہ بیان فرمایا ہے کہ اس نے کسی نیک شخص کی دعوت کی۔ وہ امیر آدمی تھا جو حج کر کے آیا تھا۔ جب وہ بزرگ دعوت پہ آیا تو اس کے سامنے اس نے اپنے ملازم سے کہا کہ فلاں چیز فلاں طشتری میں رکھ کے لاؤ جو میں پہلے حج پہ لے کے آیا تھا۔ تھوڑی دیر کے بعد کہنے لگا کہ فلاں چیز فلاں طشتری میں لاؤ جو میں دوسرے حج پہ لے کے آیا تھا۔ پھر کہنے لگا کہ فلاں چیز فلاں طشتری میں لاؤ جو میں تیسرے حج پہ لے کے آیا تھا۔ تو اصل مقصد اس کا یہ بتانا تھا کہ میں نے حج کئے ہیں۔ اس نیک بزرگ مہمان نے کہا۔ تیری حالت بڑی قابل رحم ہے۔ تو نے تو اس اظہار سے اپنے تینوں حج ضائع کر دیئے۔

پس یہ بات یاد رکھنے والی ہے کہ کتاب کی کسی بھی تعلیم پر آپ جو بھی عمل کرتے ہیں اس پر عمل کا مقصد تزکیہ نفس ہے۔ اس لئے تزکیہ مقدم رکھا گیا ہے اور اس عظیم رسول کے صحبت یافتوں نے اپنے دلوں کا تزکیہ کیا۔ تعلیم تو ساتھ ساتھ اترتی رہی۔ تقویٰ کے معیار بھی بڑھتے رہے۔ لیکن دلوں میں پاکیزگی پہلے پیدا ہوگئی تھی۔ آہستہ آہستہ ترقی تو ہوتی رہی لیکن دل صاف ہوگئے تھے۔ پہلے دن سے ہی ان صحابہ کا تزکیہ ہوگیا تھا۔ اس تزکیہ کی ہی وجہ تھی کہ حکم آتے ہی شراب کے مٹکے توڑے گئے تھے۔ کسی نے دلیل نہیں مانگی۔ حکم پہ عمل کیا۔ تو اصل چیز دلوں کی پاکیزگی ہے جو اس عظیم رسول نے کی۔ آنحضرت ﷺ کی ذات، آپؐ کا ہر عمل، آپ کا اٹھنا بیٹھنا بصیرت رکھنے والوں کے لئے ایک نشان تھا۔

چنانچہ آپؐ کے قریبیوں میں جیسے حضرت خدیجہؓ ہیں، حضرت ابوبکرؓ ہیں، حضرت علیؓ ہیں۔ انہوں نے وحی کے اترنے کے ساتھ ہی آپؐ کو قبول کر لیا تھا اور علم و معرفت میں پھر بڑھتے چلے گئے۔ انہوں نے تفصیلی تعلیم اور حکمتوں کی تلاش نہیں کی۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہیں باہر گئے ہوئے تھے۔ جب واپس آئے تو کسی نے کہا تیرے دوست نے یہ یہ دعویٰ کیا ہے۔ وہ سیدھے آنحضرت ﷺ کے پاس گئے۔ ان سے پوچھا کہ آپؐ نے یہ دعویٰ کیا ہے؟ آنحضرت ﷺ نے اس کی تفصیل بتانے کی کوشش کی کہ یہ تعلیم اتری ہے۔ حضرت ابوبکرؓ نے عرض کی کہ مجھے تعلیم، حکمت اور دلیل نہیں چاہئے۔ میں تو آپؐ کو بچپن سے جانتا ہوں۔ ایسا زکی انسان کوئی غلط بات نہیں کر سکتا۔ پس یہ جو آیات ہیں اس مزکّی کے ہر ہر لفظ میں ان کی پاک باتوں میں نظر آئیں جنہوں نے ان کو قبول کیا۔ لیکن کور باطن جو تھے وہ واضح آیات اور کتاب کی پاک کرنے والی پُر حکمت تعلیم کو دیکھ کر بھی اس فیض سے محروم رہے۔

پھر تزکیہ کے بعد تعلیم کتاب کو حکمت پر مقدم کیا گیا ہے یعنی کتاب حکمت سے پہلے رکھی گئی ہے کیونکہ اعلیٰ ایمان والا شخص یہ دیکھتا ہے کہ اس کے محبوب کا کیا حکم ہے۔ وہ دلیلوں کی تلاش میں نہیں رہتا۔ بلکہ سَمِعْنَا وَ اَطَعْنَا کہتا ہے کہ ہم نے حکم سن لیا ہے اور ہم اس کے دل سے فرمانبردار ہو چکے ہیں۔ ہمارے پچھلے تجربات بھی یہی ظاہر کرتے ہیں کہ ہر حکم پر عمل کرنے سے ہمارے دلوں کا تزکیہ ہوا ہے۔ اس لئے یقیناً اے نبی ﷺ! تیرے پر خدا تعالیٰ کی طرف سے اترے ہوئے اس حکم میں بھی کوئی حکمت ہوگی۔ چاہے ہمیں اس کی سمجھ آئے یا نہ آئے۔ ہمارا اصل مقصود تو محبوب حقیقی کی رضا حاصل کرنا ہے جو اس پیارے نبی کے ساتھ جُڑ کر اس کے کہے ہوئے لفظ لفظ پر عمل کرنے سے ملتی ہے۔ پس حکمتیں تو اس حکم کی جو بھی آئے بعد میں سمجھ آتی رہیں گی لیکن اپنے محبوب کی اطاعت ہم ابھی فوری کرتے ہیں۔ یہ فلسفیوں اور کمزور ایمان والوں کا کام ہے کہ حکمتوں کے سراغ لگاتے پھریں۔ حضرت مسیح موعود نے دین العجائز اختیار کرنے کی اسی لئے تلقین فرمائی ہے۔ لیکن جہاں تکبر اور فلسفہ میں انسان پڑے گا تو تزکیہ نہیں ہوسکتا اور جب آدمی میں تکبر آجائے تو پھر ایمان میں ترقی تو کیا قبول کرنے کی بھی توفیق نہیں ملتی۔ پس حکمت کا علم ہونا ایک کامل مومن کے لئے، ایمان لانے کے لئے ضروری نہیں ہے اور جس کا ایمان صرف دلائل کی حد تک ہو اس کو حکمت کی بھی ضرورت ہے اور یہ کمزوریٔ ایمان ہونے کی نشانی ہے۔ پس نبی کا تزکیہ کرنا، اس کا حکم دینا اور اس حکم کو ماننا اور نبی کی باتیں سن کر اپنے دلوں کو پاک کرنے کی کوشش، یہ کامل الایمان لوگوں کا شیوہ ہے۔ اور ناقص ایمان حکمت کا تقاضا کرتا ہے۔ اس لئے ہر قسم کی طبائع کے لئے اللہ تعالیٰ نے اس عظیم رسول پر وہ تعلیم اتاری جس میں ہر حکم کی حکمت بھی بیان ہوئی ہے۔ پس یہ خاصہ ہے آنحضرت ﷺ کی لائی ہوئی تعلیم کا جو ہر قسم کی طبائع اور مزاج کے لوگوں کے لئے مکمل تعلیم ہے۔ کسی کے لئے کوئی فرار کی جگہ نہیں۔ اور جیسا کہ میں نے کہا حضرت مسیح موعود دین العجائز کو ہی کامل ایمان والوں کا خاصہ فرماتے تھے۔ ہمیں حکمتوں کی بجائے پہلے ایمان میں مضبوطی کی کوشش کرنی چاہئے پھر حکمتیں بھی سمجھ آجاتی ہیں۔ حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ:۔

"خدا تعالیٰ کا کلام ہمیں یہی سکھلاتا ہے کہ تم ایمان لاؤ تب نجات پاؤ گے۔ یہ ہمیں ہدایت نہیں دیتا کہ تم ان عقائد پر جو نبی علیہ السلام نے پیش کئے، دلائل فلسفیہ اور براہین یقینیہ کا مطالبہ کرو اور جب تک علوم ہندسہ اور حساب کی طرح وہ صداقتیں کھل نہ جائیں" یعنی ایک اور ایک دو کی طرح ہر چیز ثابت نہ ہوجائے "تب تک ان کو مت مانو۔ ظاہر ہے کہ اگر نبی کی باتوں کو علوم حسیّہ کے ساتھ وزن کر کے ہی ماننا ہے تو وہ نبی کی متابعت نہیں ہے۔ بلکہ ہر یک صداقت جب کامل طور پر کھل جائے خود واجب التسلیم ٹھہرتی ہے۔ خواہ اس کو ایک نبی بیان کرے خواہ غیر نبی"۔ یعنی اگر ظاہری باتوں پر جا کر لینا ہے تو جب سچائی کھل گئی پھر کوئی بھی بات کرے تو لوگ اس کو مان ہی لیتے ہیں۔ وہ ایمان بالغیب نہیں ہوتا۔ غیر نبی بھی کوئی ایسی بات کرے تو وہ بھی لوگ مانتے ہیں۔

فرماتے ہیں کہ:۔ "بلکہ اگر ایک فاسق بھی بیان کرے تب بھی ماننا ہی پڑتا ہے۔ جس خبر کو نبی کے اعتبار پر اور اس کی صداقت کو مسلّم رکھ کر ہم قبول کریں گے وہ چیز ضرور ایسی ہونی چاہئے کہ گو عند العقل صدق کا بہت زیادہ احتمال رکھتی ہو مگر کذب کی طرف بھی کسی قدر نادانوں کا وہم جا سکتا ہو"۔ یعنی اگر عقلی طور پر دیکھیں تو سچائی اس میں نظر آتی ہو، آ سکتی ہو، مگر اس میں ایسے لوگ ہیں جو پوری طرح سوچتے نہیں اور اس کو جھوٹ کی طرف بھی لے جا سکتے ہوں۔ ایسی بات ہو جو بالکل واضح نہ ہو۔

فرمایا: "تاہم صدق کی شق کو اختیار کر کے اور نبی کو صادق قرار دے کر اپنی نیک ظنی اور اپنی فراست دقیقہ اور اپنے ادب اور اپنے ایمان کا اجر پالیویں۔ یہی لب لباب قرآن کریم کی تعلیم کا ہے جو ہم نے بیان کر دیا ہے۔ لیکن حکماء اور فلاسفر اس پہلو پر چلے ہی نہیں اور وہ ہمیشہ ایمان سے لاپروا رہے اور ایسے علوم کو ڈھونڈتے رہے جس کا فی الفور قطعی اور یقینی ہونا ان پر کھل جائے۔ مگر یاد رہے کہ خدا تعالیٰ نے ایمان بالغیب کا حکم فرما کر مومنوں کو یقینی معرفت سے محروم رکھنا نہیں چاہا بلکہ یقینی معرفت کے حاصل کرنے کے لئے ایمان ایک زینہ ہے جس زینہ پر چڑھنے کے بغیر سچی معرفت کو

طلب کرنا ایک سخت غلطی ہے لیکن اس زینہ پر چڑھنے والے معارف صافیہ اور مشاہدات شافیہ کا ضرور چہرہ دیکھ لیتے ہیں''۔ ان کو صاف کھلے معارف بھی نظر آجاتے ہیں جن پر چڑھنے کی کوشش کرتے ہیں اور ان کو بڑے تسلی دینے والے مشاہدات بھی نظر آتے ہیں۔'' جب ایک ایماندار بحیثیت ایک صادق مومن کے احکام اور اخبار الٰہی کو محض اس جہت سے قبول کر لیتا ہے کہ وہ اخبار اور احکام ایک مخبر صادق کے ذریعہ سے خدا تعالیٰ نے اس کو عطا فرمائے ہیں تو عرفان کا انعام پانے کے لئے مستحق ٹھہر جاتا ہے''۔ یعنی ایک سچا مومن، اللہ تعالیٰ جو احکامات دیتا ہے یا ان کو نبی کی طرف سے جو احکامات ملتے ہیں یا جو اللہ تعالیٰ ان کو خبریں دیتا ہے، ان کو صرف اس لئے قبول کرتا ہے کہ یہ ایک سچے خبر دینے والے نے خدا تعالیٰ کی طرف سے اطلاع پا کر خبریں دی ہیں۔ تو پھر اس کو اس کا عرفان بھی حاصل ہوتا ہے۔

فرمایا کہ:۔''اسی لئے خدا تعالیٰ نے اپنے بندوں کے لئے یہی قانون ٹھہرا رکھا ہے کہ پہلے وہ امور غیبیہ پر ایمان لا کر فرمانبرداروں میں داخل ہوں اور پھر عرفان کا مرتبہ عطا کر کے سب عقدے ان کے کھولے جائیں''۔ تو پہلے فرمانبرداری ضروری ہے۔ سَمِعْنَا وَ اَطَعْنَا کرنا ضروری ہے۔ اس کے بعد پھر اس کو عرفان بھی حاصل ہو جائے گا، اس کی حکمتیں بھی معلوم ہو جائیں گی۔ ''لیکن افسوس کہ جلد باز انسان اِن راہوں کو اختیار نہیں کرتا۔ خدا تعالیٰ کا قرآن کریم میں یہ وعدہ ہے کہ جو شخص ایمانی طور پر نبی کریم ﷺ کی دعوت کو مان لیوے تو وہ اگر مجاہدات کے ذریعہ سے ان کی حقیقت دریافت کرنا چاہے وہ اس پر بذریعہ کشف اور الہام کے کھولے جائیں گے''۔ پہلے ایمان لانا ضروری ہے۔ پھر مجاہدات کے ذریعہ سے اللہ تعالیٰ اطلاع دے گا'' اور اس کے ایمان کو عرفان کے درجہ تک پہنچایا جائے گا''۔

(آئینہ کمالات اسلام۔ روحانی خزائن جلد نمبر 5 صفحہ 251 تا 253 حاشیہ۔ مطبوعہ لندن)

پس یہ ہے وہ طریق جو ایمان میں کامل بننے والوں کے لئے ضروری ہے۔

پھر ان دو آیات میں یعنی حضرت ابراہیم علیہ السلام کی دعا اور اللہ تعالیٰ کی قبولیت دعا کے اعلان کے الفاظ میں ایک اور فرق بھی ہے۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے دعا کے آخر میں عرض کی............ اور اللہ تعالیٰ جب جواب دیتا ہے تو فرماتا ہے وَیُعَلِّمُکُمْ (۔) اس فرق کو حضرت مصلح موعود نے یوں بیان فرمایا ہے کہ حضرت ابراہیمؑ نے عزیز و حکیم صفات کے واسطے سے دعا کی کہ جو کچھ میں مانگ رہا ہوں وہ اپنی سوچ کے مطابق مانگ رہا ہوں لیکن جس زمانے میں یہ نبی مبعوث ہونا ہے اور پھر تا قیامت جس کی آیات اور تعلیم نے تزکیہ بھی کرنا ہے اور حکمت بھی سکھانی ہے اس زمانے کی ضرورتوں کو تُو بہتر جانتا ہے اس لئے اُس وقت اے اللہ تُو اپنی صفت عزیز اور حکیم کے ساتھ اس زمانے کی ضروریات کو اس نبی کے ذریعہ پورا فرمانا۔ پس اللہ تعالیٰ نے اس دعا کو قبول فرما کر اس آیت میں کہ رسول یہ یہ کام کرتا ہے آخر پر فرمایا (۔) یعنی یہ رسول تمہیں وہ کچھ سکھاتا ہے جو تم پہلے نہیں جانتے تھے۔ پس اس عظیم نبی پر وہ آیات اور کتاب اتری جن میں ایسی تعلیم بھی ہے جو تم پہلے نہیں جانتے تھے۔ اس نبی کی تعلیم میں ایسی باتیں بھی ہیں جو دوسری پرانی تعلیمات سے زائد ہیں۔ بعض ایسی پیشگوئیاں ہیں جن کا زمانے کے ساتھ ساتھ انسان کو ادراک ہوتا ہے، پتہ لگتا ہے، ظاہر ہوتی ہیں۔ ان میں سے بعض باتوں کا میں گزشتہ خطبوں میں ذکر کر چکا ہوں۔

اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں محکمات اور متشابہات کا ذکر کیا ہے جیسا کہ فرماتا ہے (۔) (آل عمران:8)۔ یعنی وہی ہے جس نے تجھ پر یہ کتاب نازل کی ہے جس کی بعض آیتیں تو مُحْکَم آیتیں ہیں جو اس کتاب کی جڑ ہیں اور کچھ اور ہیں جو مُتَشَابِہ ہیں۔ پس مُحْکَم آیات دے کر اللہ تعالیٰ نے یہ اعلان فرمایا کہ وہ باتیں بھی میں نے اتاری ہیں جنہیں تم پہلے نہ جانتے تھے اور وہ باتیں بھی ہیں جو پہلی شریعتوں میں آ بھی چکی ہیں۔ بعض ایسی ہیں جو واضح ہیں، بعض ایسی ہیں جن پر سوچنے کی ضرورت ہے۔ مُحْکَم کے معانی لغتوں میں یہ لکھے ہیں کہ جو کسی بھی قسم کی تبدیلی یا تحریف سے محفوظ کر دی گئی ہو۔ یہ مُحْکَم ہے۔ دوسری جس میں کسی بھی قسم کے ابہام کا شائبہ نہ ہو۔ تیسری بات جو معنوی لحاظ سے اور اپنی شوکت کے لحاظ سے فیصلہ کن ہو تو یہ مُحْکَمٰت ہیں۔ اور مُتَشَابِہ وہ چیز کہلاتی ہیں جس کے مختلف معانی کئے جا سکیں۔ یا جس کا کچھ حصہ دوسری ویسی اسی طرح کی چیزوں سے مشابہ ہو۔ اب جو تزکیہ سے عاری ہیں وہ اس تعلیم کے حقیقی پیغام کو کس طرح سمجھ سکتے ہیں۔ پھر اس کا یہ مطلب بھی ہے کہ جس کے حقیقی معانی مُحْکَم احکامات کے خلاف نہ ہوں۔ مُتَشَابِہ کے یہ معنی بھی ہیں کہ بعض دفعہ بعض ظاہری الفاظ شبہ میں ڈال دیتے ہیں لیکن اس کے جو حقیقی معانی ہیں وہ مُحْکَم احکامات جو قرآن کریم کی جڑ ہیں ان کے خلاف نہیں ہونے چاہئیں۔ اگر ان کے خلاف جاتے ہیں تو پھر اس کی وجہ تلاش کرنی ہوگی۔ اس لئے ان متشابہات کو اس طرح سمجھنے کی کوشش کی جائے جو محکم احکامات سے تطابق رکھتے ہیں۔ مُتَشَابِہ کا بھی یہی مطلب ہے کہ بغیر حقیقی غور و فکر کے صحیح طریق سے سمجھ نہیں آ سکتے اس کے لئے پھر دلوں کو پاک کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ کی مدد کی ضرورت ہے۔ پس وہ عزیز خدا جس کے قبضہ قدرت میں ہر چیز ہے ایسے تزکیہ شدوں کے دلوں کے دروازے کھولتا اور انہیں حکمت کے موتی اکٹھے کرنے کی توفیق دیتا ہے۔ تو یہ عظیم رسول جو قیامت تک کے زمانے کے لئے مبعوث ہوا اس کی تعلیم کی حفاظت کا بھی اللہ تعالیٰ نے انتظام فرمایا ہے جیسا کہ میں پہلے ایک خطبہ میں یہاں بیان کر چکا ہوں۔ اس تعلیم کو بدلنے کی کوشش کی گئی لیکن کبھی کامیاب نہیں ہوئی اور نہ ہو سکتی ہے۔ اس مزکّی اعظم کی اتباع میں ہر صدی میں مجدد آتے رہے اور ان آیات و تعلیم کے ذریعہ سے تزکیہ کا کام کرتے رہے۔ علماء اور فقہا پیدا ہوتے رہے جو احکامات کی وضاحت کرتے رہے اور حکمت سکھاتے رہے۔ آجکل کے نام نہاد (۔) کی طرح نہیں جو بے تکی باتیں کرتے ہیں۔

............ہم تو اس مزکّی کے عاشق صادق کو ماننے والے ہیں جو توحید کا پھیلانے والا تھا۔ اور جس کے ماننے والوں کے لئے اللہ تعالیٰ نے الہاماً یہ پیغام دیا تھا کہ (۔) کہ توحید کو پکڑو، توحید کو پکڑو، اے فارس کے بیٹو۔............ تو اللہ تعالیٰ نے اس تعلیم کی حفاظت کے یہ سامان پیدا فرمائے ....(الجمعۃ: 4-3) کہ وہی ہے جس نے اُمّی لوگوں میں انہیں میں سے ایک عظیم رسول مبعوث کیا وہ ان پر اس کی آیات کی تلاوت کرتا ہے اور انہیں پاک کرتا ہے اور انہیں کتاب کی اور حکمت کی تعلیم دیتا ہے جبکہ اس سے پہلے وہ یقیناً کھلی کھلی گمراہی میں تھے۔ اور انہیں میں سے دوسروں کی طرف بھی اسے مبعوث کیا ہے جو ابھی ان سے ملے نہیں۔ وہ کامل غلبے والا اور صاحب حکمت ہے۔

ان آیات میں سے جو پہلی آیت ہے اس میں اُمّی لوگوں میں سے عظیم رسول کے مبعوث ہونے کی خبر ہے۔ یہاں پھر جیسا کہ میں پہلے ذکر کر چکا ہوں حضرت ابراہیم علیہ السلام کی دعا کی قبولیت کے اعلان کا اعادہ کیا گیا ہے اور واضح اعلان آخر میں ہے کہ اس سے پہلے وہ لوگ کھلی کھلی گمراہی میں مبتلا تھے۔ یہ کھلم کھلا گمراہی میں مبتلا ہونے کے الفاظ اس حوالے سے سورۃ آل عمران کی آیت میں بھی بیان کئے گئے ہیں۔ سورۃ آل عمران میں ان خصوصیات کا ذکر کرنے سے پہلے یعنی جو نبی نے آ کر چار باتوں پر عمل کرنا تھا یا کروانا تھا، یہ ذکر ہے کہ (۔) یقیناً اللہ نے مومنوں پر احسان کیا ہے جو ان میں ایک رسول بنا کر بھیجا ہے۔ پس اس زمانے میں جب بحر و بر میں فساد برپا تھا اللہ تعالیٰ کا ان لوگوں پر ایک احسان ہوا کہ ان میں ایک رسول مبعوث فرمایا جس نے انہیں آیات سنائیں، پاک کیا، تعلیم کتاب اور حکمت دی۔ اور انہیں عربوں نے جو جاہل کہلاتے تھے ایک انقلاب برپا کر دیا۔............

لوگ تو انشاء اللہ پیدا ہوتے رہیں گے جو اس پیغام، کتاب اور تعلیم کو اپنے پر لاگو بھی کریں گے لیکن ہم میں سے ہر فرد کو بھی کوشش کرنی چاہئے کہ کبھی اس تعلیم سے روگردانی کرنے والے نہ ہوں اور کبھی اپنے دلوں کی پاکیزگی کو ختم کرنے والے نہ ہوں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اس کی توفیق دے۔

☆☆☆

مکرم لقمان احمد کشور صاحب

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے تبرکات

اور محبوب آقا کے عاشق غلاموں کے محبت کے مختلف انداز

محبت جب احترام اور تقدس کے جذبات سے مملو ہوتو عاشق اپنے پیارے کے تبرکات کو دنیا و مافیہا سے زیادہ پسند کرتا ہے اور ان کا حصول اپنے لیے بجا طور پر سعادت اور خوش بختی سمجھتا ہے۔

ہمارے سید و مولا حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات صحابہ کیلئے کس قدر متبرک اور مقدس تھی اس کے کچھ نظارے اس وادی کی سیاحت سے کیے جاسکتے ہیں جہاں عالم کی مقدس ترین ہستی اپنے عاشقوں اور جاں نثاروں کے درمیان جلوہ افروز تھی۔

حضرت زھرہ بن معبد کی والدہ انکو جبکہ یہ بچے تھے آنخضرتؐ کی خدمت میں لائیں اور عرض کیا اسکی بیعت لیجئے! آپؐ نے فرمایا! ابھی بچہ ہے' پھر انکے سر پر ہاتھ پھیرا اور دعا دی۔ اس برکت کو صحابہ اس شوق اور محبت سے دیکھتے کہ زھرہ کے دادا ان کو لے کر بازار غلہ خریدنے گئے کہ ان کو آنحضورؐ کی برکت ملی ہوئی ہے۔

اس دوران حضرت عبداللہ بن عمر اور عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہم سے ان کی ملاقات ہوئی' وہ کہنے لگے کہ ہم کو بھی شریک کرو کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تم کو برکت دی ہے۔

(بخاری کتاب الشرکة باب الشرکةفی الطعام)

اس حدیث کی شرح میں شارح بخاری امام ابن حجر عسقلانی لکھتے ہیں اس حدیث سے ثابت ہوتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے برکت حاصل کرنے کیلئے صحابہ کرام کو آپؐ کی خدمت میں اپنی اولاد کے حاضر کرنے کا بڑا اشوق تھا۔

نماز فجر کے بعد بعض صحابہ اپنے ملازموں کو پانی دیکر رسول اللہؐ کی خدمت میں بھیجتے آپؐ اس پانی میں ہاتھ ڈال کر برکت بخشتے۔

(مسلم کتاب الفضائل باب فی قرب النبیؐ من الناس و تبرکھم به)

حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں بیمار ہوا تو میری خالہ مجھے آپؐ کی خدمت میں لے گئیں آپؐ نے میرے سر پر ہاتھ پھیرا اور دعا کی۔ اس کے بعد آپؐ نے وضو کیا تو آپؐ کے وضو سے بچے ہوئے متبرک پانی کو میں نے پی لیا۔

(بخاری کتاب الدعوات باب الدعاء للصبیان بالبرکة و مسح رؤسھم)

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کے گھر لڑکا پیدا ہوا وہ بچے کو آپؐ کی خدمت میں لائے آپؐ نے اس کا نام رکھا اور اپنے منہ میں کھجور رکھ کر چبائی اور پھر اس بچے کے منہ میں ڈالی اور اس کے لیے دعا کی۔

(بخاری کتاب العقیقة باب تسمیة المولود غداة یولد و تحنیکه)

حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ پیدا ہوئے تو ان کی والدہ حضرت اسماء ان کو لے کر آنخضورؐ کی خدمت میں آئیں۔ آپؐ نے بچے کو اپنی گود میں رکھا کھجور لے کر چبائی اور بچے کہ منہ میں ڈال کر اسے گھٹی دی اور اس کے لیے دعا کی۔ اس طرح اس بچے کے پیٹ میں پیدائش کے بعد سب سے پہلے آپ کا مقدس لعاب اور متبرک کھجور گئی۔

(بخاری کتاب العقیقة باب تحنیك الولد)

آپؐ کے وضو کا بچہ ہوا پانی صحابہ کے لئے آب حیات تھا جس پر وہ جان چھڑکتے تھے۔ ایک دفعہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے آپ کے وضو کا بچا ہوا پانی نکالا تو اس وقت موجود تمام صحابہ اس تبرک کی طرف وفور محبت سے جھپٹے۔

(صحیح مسلم کتاب الفضائل باب فی قرب النبیؐ و تبرکھم به)

صحابہ کرام کے زمانے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اکثر یادگاریں محفوظ تھیں جن کو وہ جان سے زیادہ عزیز رکھتے تھے اور ان سے برکت پاتے تھے۔

حضرت امام علی بن حسین روایت کرتے ہیں کہ حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی شہادت کے بعد جب ہم لوگ مدینہ واپس آئے تو حضرت مسور بن مخرمہ مجھے ملے اور کہا رسول اللہؐ کی تلوار جو آپ کے پاس ہے مجھے دے دو ایسا نہ ہو کہ یزیدی لوگ اسے بھی چھین لیں اور پھر آنحضورؐ کے تبرکات کی حفاظت کے خیال سے کہا اگر آپؐ یہ تلوار مجھے دے دیں تو خدا کی قسم کھا کر کہتا ہوں جب تک جسم میں جان باقی ہے کوئی شخص اس کی طرف ہاتھ نہیں بڑھا سکتا۔

(ابو داؤد کتاب النکاح باب مایکرہ أن یجمع منبھین من النساء)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس آپؐ کا ایک جبّہ محفوظ تھا جب حضرت عائشہ کا انتقال ہوا تو حضرت اسماء رضی اللہ عنہا نے وہ جبہ لے لیا اور اسے محفوظ کر لیا اور پھر اسی تبرک سے خود بھی برکت پاتیں اور جب کوئی شخص بیمار ہوتا تو اس جبہ کو دھو کر اس کا پانی مریض کو دیتیں۔

(مسند احمدبن حنبل جلد نمبر 6 ص 348)

حضرت کعب بن زہیر کے قصیدہ کے صلہ میں آنخضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جو چادر انھیں عطا فرمائی تھی یہ چادر بعد میں حضرت امیر معاویہ نے ان کے بیٹے سے خرید لی جسے اموی خلفاء عیدین کے موقعہ پر اوڑھ کر نکلتے تھے۔

(الاصابه فی تمییز الصحابه تذکرہ کعب بن زھیر)

آپؐ جس پیالے میں پانی پیتے تھے وہ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کے پاس محفوظ تھا ایک بار وہ ٹوٹ گیا تو انہوں نے اسے چاندی کی تاروں سے جڑوایا۔ اسی طرح حضرت سہل اور حضرت عبداللہ سلام رضی اللہ عنہما نے بھی اپنے پاس آپؐ کے پیالے بطور تبرک محفوظ رکھے ہوئے تھے۔

(بخاری کتاب الاشربه باب الشرب من قدح النبیؐ)

ایک صحابی کو آپؐ نے ایک سیاہ عمامہ عطا فرمایا۔ اسے انھوں نے بڑی محبت اور اہتمام سے محفوظ رکھا اور اس کا تذکرہ بکثرت کیا کرتے تھے ایک دفعہ بخارا میں خچر پر سوار ہو کر نکلے تو عمامہ دکھا دکھا کر لوگوں کو محبت سے بتاتے کہ یہ عمامہ مجھے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عطا فرمایا تھا۔

(ابو داؤد کتاب اللباس باب ماجاء فی الخزّ)

آپؐ کے چند بال حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے بطور تبرک اپنے پاس شیشی میں محفوظ کر کے رکھے ہوئے تھے جب کوئی شخص بیمار ہوتا تو ایک برتن میں پانی بھر کر بھیج دیتا حضرت ام سلمہ وہ بال اس پانی میں ڈالتیں اور پھر اس متبرک پانی کو واپس بھیجتیں جسے مریض اپنی شفا کیلئے پیتا تھا۔

(بخاری کتاب اللباس باب مایذکر فی الشیب)

صحابہ رضوان اللہ کے عشق رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی قوس قزح کا ہر رنگ ہی بہت پیارا اور دلربا تھا وہ کبھی آپؐ کے حسن باطنی کی روحانی سیر کرتے تو کبھی آپؐ کے ظاہری حسن و جمال کو اپنے شیشہ دل پر اتارتے وہ کبھی بصیرت کی آنکھ سے اس حسن پیکر کو دیکھتے تو کبھی بصارت سے اپنے محبوب کی رعنائی سے لطف اندوز ہوتے۔

کچھ ایسے ہی شوق دید کا ایک نظارا حضرت براء بن عازبؓ کی اس روایت میں ملتا ہے۔ بخاری کی روایت ہے کہ ایک دفعہ حضرت براء بن عازب نے اپنے محبوب آقا محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ایک سرخ جوڑا پہنے دیکھا۔ کہتے ہیں کہ میں نے کبھی کسی کو ایسا خوبصورت نہیں دیکھا جس قدر آپؐ خوبصورت اس وقت لگ رہے تھے۔

ان لمحات کی یاد صحابہ کے دل سے کبھی محو نہ ہوئی تھی یہ ملاقاتیں تو ان کی زندگی کا سب سے بڑا سرمایہ تھیں آنخضرت صلی اللہ علیہ وسلم جب ملتے تو آپ کے بدن مبارک کی لمس اور مہک ان کو مستانہ بنا دیتی۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے کبھی کوئی ریشم حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی ہتھیلی سے زیادہ نرم نہیں چھوا اور نہ کوئی خوشبو حضرت کے بدن مبارک سے زیادہ خوشبودار کبھی سونگھی۔

(بخاری کتاب المناقب باب صفةالنبی صلی اللّٰہ علیه و سلم)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ آنخضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت کی لفظاً لفظاً پیروی کیا کرتے تھے۔ وہ اپنے آقا کا ہر حسن سمیٹنا چاہتے تھے اپنے پیارے کے ہر قول اور ہر فعل کو اپنے عمل کے سانچے میں ڈھال کر اپنے محبوب کے رنگ میں رنگین ہونا چاہتے تھے۔ روایت آتی ہے کہ جب کوئی آدمی آپ کے سامنے سفر پر جانے لگتا تو آپؓ اسے اپنے قریب بلاتے اور فرماتے! آؤ میں تمھیں رخصت کروں جس طرح رسول کریمؐ ہمیں رخصت کیا کرتے تھے۔ پھر کہتے میں تمھیں اللہ تعالیٰ کے سپرد کرتا ہوں تیرا دین اور تیری امانت اور تیرے آخری کام۔ (ترمذی)

سواری پر آگے بیٹھنا بھی بسا اوقات احترام اور برتری کی علامت بن جاتا ہے صحابہ آنخضورؐ کے ادب کے پیش نظر اس کا بھی ہمیشہ خیال رکھتے۔ ایک دفعہ آپؐ پیدل جارہے تھے کہ راستے میں ایک صحابی جو گدھے پر سوار آرہے تھے ان سے آمنا سامنا ہوگیا۔ وہ فوراً نیچے اترے اور آپؐ کی خدمت میں عرض کیا کہ آپؐ آگے تشریف رکھیں میں آپؐ کے پیچھے بیٹھتا ہوں۔ آپؐ نے فرمایا! نہیں تم آگے بیٹھنے کے زیادہ مستحق ہو۔ ان کے اصرار پر فرمایا کہ اچھا اگر تم بخوشی اجازت دیتے ہو تو میں آگے بیٹھ جاتا ہوں۔

(ابو داؤد کتاب الجهاد باب رب الدابة احق بصدرھا)

حضرت جابر رضی اللہ عنہ کے والد عبداللہ بن عمرو بن حرام جب غزوہ احد میں شرکت کے لیے روانہ ہونے لگے تو بیٹے سے کہا کہ مجھے لگتا ہے کہ میں شہید ہو جاؤں گا اور رسول اللہؐ کے بعد تم مجھے سب سے زیادہ پیارے ہو تم میرا قرض ادا کرنا اور بھائیوں سے حسن سلوک کرنا۔

(اسدالغابه تذکرة حضرت عبداللّٰہ بن عمر و بن حرام)

حضرت سائب بن یزیدؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہؐ جب جنگ تبوک سے واپس تشریف لائے تو لوگ آپؐ کے استقبال کے لیے مدینہ سے باہر ثنیة الوداع تک گئے میں بھی اور بچوں کے ہمراہ آپؐ کے استقبال کے لیے ثنیة الوداع تک گیا۔ (ابوداؤد)

